# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

## شد کی ادائیگی کی پہچان

حرف کے اوپر، سین کے سرے کی مثل اوپر کو اُٹھے ہوئے تین دندانوں ـّـ کو شد کہتے ہیں۔ شدوالا حرف پچھلے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے اور اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ: پچھلے حرف کو شد والے حرف کے ساتھ فوراً ملاتے ہوئے ہلکا سا دباؤ پیدا کریں، اور دباؤ کے فوراً ہی بعد شد والے حرف پر موجود حرکت کو مضبوطی سے ادا کریں۔ جیسے: [ اَثَّ - اِثَّ - اُثَّ ]۔ اور یاد رکھیں! کہ شد والے میم اور نون (مّ نّ) کو پڑھتے وقت غنہ کریں۔ یعنی ناک میں آواز جاری کریں۔ مثلاً: [ اَمَّ - اَنَّ ]۔

### آیئے مشق کیجیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَتَّ اِتَّ اُتَّ | اَثَّ اِثَّ اُثَّ | اَمَّ اِمَّ اُمَّ | اَنَّ اِنَّ اُنَّ |

# بچوں کے لیے تجویدی قاعدہ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## تنوین کی ادائیگی کی پہچان

دوزبر ـً دوزیر ـٍ اوردوپیش ـٌ کوتنوین کہتے ہیں۔تنوین والے حرف کی آواز،نون کی آواز سے مل کر بنتی ہے۔
اوروہ اس طرح کہ ایک حرکت تنوین والے حرف کی آواز دیتی ہے جبکہ دوسری حرکت میں نون کی آواز پوشیدہ ہوتی ہے۔

نون کی اس پوشیدہ آواز کو "نون تنوین" کہتے ہیں۔جیسے: [بً بٍ بٌ - تً تٍ تٌ - ثً ثٍ ثٌ]

مشق کیجیے

| | | |
|---|---|---|
|  |  |  |
| بً تً ثً | بٍ تٍ ثٍ | بٌ تٌ ثٌ |